## صدر آصف علی زرداری کی ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو

## دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی سیاسی صورتحال، ایم کیو ایم پیپلز پارٹی اتحاد کے معاملات اور دیگر امور پر تفصیلی بات چیت

## حکومت میں رہتے ہوئے ایم کیو ایم جن مسائل اور مشکلات کا شکار ہے انکے حل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔الطاف حسین

## ایم کیو ایم کے وفد کی جانب سے پیش کردہ مسائل کو نہ صرف ہمدردی سے سنیں گے بلکہ ان کے حل کیلئے اقدامات بھی کریں گے۔صدر آصف زرداری کی یقین دہانی

## قائد تحریک الطاف حسین کا کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش پر گہری تشویش کا اظہار، سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے حکومتی سطح پر اقدامات کئے جائیں۔الطاف حسین

## کرغیزستان میں پھنسے ہوئے پاکستانی طلبہ کی بحفاظت پاکستان واپسی کیلئے ہنگامی اقدامات کئے جائیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔13 جون 2010ء

صدر آصف علی زرداری نے اتوار کی شب ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اور ان سے ملک کی موجودہ صورتحال کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی سیاسی صورتحال، ایم کیو ایم پیپلز پارٹی اتحاد کے معاملات اور دیگر امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ بات چیت کے دوران جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری سے کہا کہ حکومت میں رہتے ہوئے ایم کیو ایم جن مسائل اور مشکلات کا شکار ہے ان کے حل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔صدر آصف علی زرداری نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ کل ایم کیو ایم کا وفد ان سے ملاقات کرے گا اور وہ ایم کیو ایم کے وفد کی جانب سے پیش کردہ مسائل کو نہ صرف ہمدردی سے سنیں گے بلکہ ان کے حل کیلئے اقدامات بھی کریں گے۔ بات چیت میں جناب الطاف حسین نے کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا اور صدر مملکت سے کہا کہ ایم کیو ایم ان سازشوں کو عوام اور علمائے کرام کے تعاون سے ناکام بنانے کی بھرپور کوششیں کر رہی ہے تاہم حکومتی سطح پر بھی اس سلسلے میں مؤثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر زرداری نے ان سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت سے کہا کہ کرغیزستان میں پھنسے ہوئے پاکستانی طلبہ کی بحفاظت پاکستان واپسی کیلئے بھی ہنگامی اقدامات کئے جائیں۔

## رحمان ملک کا الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ

کراچی۔۔۔13، جون 2010ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے گورنر ہاؤس میں متحدہ قومی موومنٹ کے وفد سے ملاقات کی۔ اس دوران وفاقی وزیر داخلہ نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کر کے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے بھی گفتگو کی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ گفتگو کے دوران رحمان ملک نے کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور اسے کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان طے کیا گیا کہ ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی اتحادی جماعت ہیں، دونوں مل کر نہ صرف کراچی میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنے اور فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنائیں گے بلکہ اس گھناؤنی سازش کے پس پردہ عناصر کو بے نقاب کر کے کیفر کردار تک بھی پہنچایا جائے گا۔

## حق پرست عوام، ایم کیو ایم علماء کمیٹی کے رکن چچا وحید کی صحتیابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔13، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے رکن چچا وحید کے علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ چچا وحید کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## علماء کرام فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنائیں، ایم کیو ایم
## بے گناہ شہریوں کو قتل کرنے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں
## جے یو آئی، پاکستان سنی مومنٹ اور شیعہ علماء کرام کے وفود کی عزیز آباد میں ملاقات

کراچی۔۔۔13 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ کراچی میں فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے والے کراچی اور اس کے شہریوں کے کھلے دشمن ہیں اور فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام کو حق پرستانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ بات رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، کنور نوید جمیل اور سیف یار خان نے خورشید بیگم میمو ریل ہال عزیز آباد میں جمیعت علماء اسلام (س) کے مرکزی سیکریٹری جنرل مولانا مفتی عثمان یار خان، پاکستان سنی مومنٹ کے چیئر مین شاہ سراج الحق قادری اور علامہ زہیر عباس عابدی کی سربراہی میں شیعہ علماء کرام کے وفود سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتوں کے دوران کہی اس موقع پر ایم کیو ایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ جے یو آئی کے وفد میں مولانا غلام مصطفیٰ فاروق، قاری عبدالمنان انور، مولانا مشتاق عباس، احمد علی مدنی، پاکستان سنی مومنٹ کے وفد میں مولانا لائق محمد سعیدی، مولانا محمد اقبال قادری، مولانا صفدر حسین، مولانا فضل حسین، مولانا فدا حسین، مولانا محمد رمضان، سید نذیر شاہ، رضوان رشید اور شیعہ علماء کے وفد میں علامہ علی کرار نقوی اور سید حسین مہدی شامل تھے۔

رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی شب و روز کاوشوں سے صوبہ سندھ سے فرقہ وارانہ فسادات کا خاتمہ ہوگیا ہے اور تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضاء قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض سازشی عناصر کو کراچی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن وامان کی صورتحال ایک آنکھ نہیں بھا رہی ہے اور وہ فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں میں مصروف ہیں جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو عناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کو قتل کر رہے ہیں وہ انسانیت کے دشمن ہیں انہوں نے بے گناہ شہریوں کے قتل کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور تمام مکاتب فکر کے علماء کرام سے اپیل کی کہ وہ کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے اپنا اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ تمام مکاتب فکر کے علماء کرام نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لئے جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کو سراہا اور کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کے لئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر کراچی میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کے لئے دعا بھی کی گئی۔

## ڈرگ، لینڈ، اسلحہ مافیا اور دہشتگرد کراچی کا امن غارت کرکے ملک میں جمہوری عمل کے خلاف سازش کر رہے ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار
## اپنے حلقہ انتخاب لیاری، رنچھوڑ لائن اور دیگر میں نئے ترقیاتی منصوبوں کی افتتاحی تقریبات سے خطاب

کراچی۔۔۔13، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر و وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ڈرگ، لینڈ، اسلحہ مافیا اور دہشت گرد کراچی کا امن غارت کر کے ملک میں جمہوری عمل کے خلاف سازش کر رہے ہیں ہم ایم کیو ایم، قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی روشنی میں تعمیر وترقی کے ذریعے ان عناصر کے خلاف برسرِ پیکار ہے۔ اتوار کے روز حلقہ انتخاب لیاری، رنچھوڑ لائن ودیگر علاقوں میں کئی ترقیاتی منصوبوں کی افتتاحی تقریبات کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کی اقتصادی شہ رگ ہے یہاں بدامنی کا مطلب حکومت، عوام اور جمہوری نظام کے خلاف سازش ہے، کراچی میں مختلف اوقات میں سازشی عناصر نے مختلف حربے استعمال کئے ہیں کبھی یہاں لسانی بنیادوں پر تفریق کی کوشش کی گئی تو کبھی مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر سیاسی جماعتوں کو لڑانے کی کوشش ہوتی ہے یہ عناصر ایک بار پھر مسلکی بنیاد پر فسادات کی سازش کر رہے ہیں یہ ڈاکٹر، انجینئر اور دیگر معزز پیشوں سے وابستہ افراد کو بھی ٹارگٹ کر رہے ہیں تاہم کراچی میں بسنے والے عوام اپنے دشمن کو پہنچانتے ہیں اور وہ سازشی عناصر سے ہوشیار ہیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے واضح کیا کہ ایم کیو ایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہونے کی بنیاد پر اپنے فرائض سے آگاہ ہے اور ہم امن کے قیام کیلئے مختلف مکاتب فکر کے علماء سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ انہوں نے اپنے حلقے کے تعمیراتی منصوبوں کے حوالے سے صحافیوں کو مکمل بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ہم نے اپنے حلقے کی تنگ وتاریک گلیوں کے لئے فراہمی آب کے نظام کی بہتری کے ساتھ سڑکوں کی استر کاری اور نئی پی ایم ٹیز کی تنصیبات کے حوالے سے خصوصی منصوبہ ترتیب دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر شہروں کے عوام کو شکوہ ہے کہ وہاں جو کام وفاقی حکومت کے نمائندوں کے فنڈز سے ہوئے ہیں وہ ہی کام صوبائی، شہری حکومت کے فنڈ سے انجام پائے ہیں جس سے کرپشن کا دروازہ کھلتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس سلسلے کی روک تھام کیلئے مکمل

پلاننگ کیساتھ ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم نے بجٹ میں وفاق اورصوبہ کواپنی تجاویز دی ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ آئی ایم ایف ہمیں یہ ڈکٹیشن نہیں دیتا کہ ہم غریبوں پرٹیکس در ٹیکس لگائیں ،بجلی ،آٹا ،چینی کے دام بڑھائیں اگر ہمیں ریونیو بڑھانا ہے تو ہمیں بڑی بری جاگیر رکھنے والوں کی آمدن اورمنافع پر بھی ٹیکس لگانا چاہیئے ۔انہوں نے واضح کیا کہ ہم حکومت کے اتحادی ہیں ہمارے اراکین قومی اسمبلی نے اپنے فنڈز کے علاوہ حکومت سے اربوں روپے کے خصوصی فنڈز بھی حاصل کئے ہیں کیونکہ ہمارے قائد جناب الطاف حسین بھائی کی واضح ہدایت ہے کہ ہمیں سیاست برائے اقتدار نہیں سیاست برائے خدمت کرنی ہے اورہم عوام کی خدمت کیلئے دن رات کوشاں ہیں ،ہمیں اندازہ ہے کہ کراچی میں طالبانائزیشن کا عمل مسلسل جاری ہے مختلف علاقوں سے ان عناصر کی گرفتاریاں اس کی دلیل ہے ہم سمجھتے ہیں کہ تعمیر وترقی کے سفر کو تیز کرکے اور روزگار کے موقع پیدا کرکے ہم ان عناصر کے آگے بند باندھ سکتے ہیں ۔اس موقع پر حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی شعیب ابراہیم اور طاہر قریشی کے علاوہ ٹی ایم او صدر مختار بھی موجود تھے ۔قبل ازیں ترقیاتی منصوبوں کی جلد از جلد تکمیل کے حوالے سے صدر ٹاؤن میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے افسران اور ٹھیکیداروں کو ہدایت کی کہ وہ تمام ترقیاتی منصوبے چار ماہ کے عرصہ میں مکمل کرلیں اوراس سلسلے میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا ۔

## ایم کیوایم آئین وقانون کی بالادستی اورآزادعدلیہ پرمکمل یقین رکھتی ہے،کنورخالدیونس

## کلفٹن میں کے ڈی سی آرسی کلب میں تنظیمی ڈرامہ ”جہد مسلسل“ کی تقریب رونمائی سے خطاب

کراچی۔۔۔13جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنورخالد یونس نے کہا ہے کہ ایم کیوایم آئین وقانون کی بالادستی اور آزادعدلیہ پر مکمل یقین رکھتی ہے ،قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مظلوم عوام کی حمایت کا جوعلم بلند کیا اور حق پرستی کا جو پودا لگایا تھا وہ آج ایک تناور درخت بن چکا ہے جس کے سائے میں ملک بھر کے پسے ہوئے عوام کو راحت اور سکون میسر ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتے کو کلفٹن ڈی سی آرسی کلب ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے تحت منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔اجلاس میں قانونی ماہرین اور وکلاء نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی جدوجہد پر مبنی تنظیمی ڈرامہ ’ جہد مسلسل‘‘ دکھایا گیا۔اجلاس میں حق پرست رکن قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت ،(ر) جسٹس قاضی خالد ،(ر) جسٹس خواجہ نوید ،پروفیسر عمر فاروقی ،سابق رکن سندھ اسمبلی ولیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج مقیم عالم ایڈوکیٹ ،جوائنٹ انچارج شہزادعلی ،راؤ شریف ،نعیم صدیقی ایڈوکیٹ اور ،لیگل ایڈ کمیٹی کے ارکان ،متحدہ لائزفورم کے انچارج احمد ضمیر خان و کمیٹی ممبران سمیت سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے وکلاء کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔کنورخالد یونس نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جس کا کوئی رکن اسمبلی یا سینیٹر قائد تحریک کا بھائی ،بھتیجا یا کوئی قریبی عزیز نہیں ہے ۔قبل ازیں خوش بخت شجاعت نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے فلسفے کو کارکنان اپنی محنت اور کوششوں سے ملک بھر کے عوام تک پہنچائیں گے ۔حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم ایڈو کیٹ نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ صرف سندھ کی ہی نہیں بلکہ ملک کے چاروں صوبوں اور گلگت بلتستان سمیت آزادکشمیر کے بھی مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت بن چکی ہے

## ایم کیوایم شہر کے امن کوفرقہ واریت کی بھینٹ ہرگزنہیں چڑھنے دے گی،خواجہ اظہارالحسن

## فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے نیوکراچی میں گودھرا شیخ مسلم انجمنوں کے صدور سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں

کراچی۔۔۔13،جون 2010ء

وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہارالحسن نے فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں کے خاتمے اور مذہبی رواداری کے قیام کیلئے گزشتہ روز نیوکراچی میں گودھرا شیخ مسلم انجمنوں کے صدور احمد حسین اور اقبال سپٹا سے ان کے دفاتر میں علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔ ملاقات میں خواجہ اظہارالحسن نے کہا کہ بعض عناصر کوشہر کراچی میں امن وامان کی فضا ایک آنکھ نہیں بھارہی ہے اور ایک گھناؤنی سازش کے تحت شہر میں فرقہ واریت کو ہوادی جارہی ہے تاکہ مختلف مسالک سے تعلق رکھنے والے مسلمانوں کو آپس میں دست وگریباں کیا جاسکے ۔انہوں نے کہا کہ شہر میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام کے درمیان مکمل ہم آہنگی ہے اور ایسے میں جوعناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہوں کا خون بہارہے ہیں وہ نہ صرف ملک کے بلکہ مسلم امہ کے کھلے دشمن ہیں ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کیلئے عملی کام کیا ہے اور ایم کیوایم شہر کے امن کو فرقہ واریت کی بھینٹ نہیں چڑھنے دے گی اور تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور عوام کے بھرپور اتحاد اور تعاون سے ایک مرتبہ پھر ان گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادے گی ۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں شہر کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے تمام مکاتب فکر سے تعلق

رکھنے والے عوام میں اتحاد و بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کی جتنی ضرورت آج ہے پہلے نہیں تھی۔ ملاقات میں گزشتہ روز جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

## چینی کی قیمت میں 5روپے فی کلو اضافہ فی الفور واپس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔13، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے چینی کی قیمت میں 5روپے فی کلو اضافہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا کہ غریب عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈالنے کا سلسلہ فی الفور بند کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کی زندگی بجلی، گیس، ایل پی جی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث پہلے ہی اجیرن بن چکی ہے اور ان کے روزمرہ کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی اور بیروزگاری کی شرح میں اضافہ کسی بھی ملک کی صنعتی، معاشی اور اقتصادی ترقی کیلئے زہر قاتل ہے اور غریب عوام سے جینے کا حق چھیننے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ چینی کی قیمت میں 5روپے فی کلو اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور عوام پر مہنگائی کا بوجھ ڈالنے کے بجائے ریلیف فراہم کرنے کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اس میں ملوث عناصر کو بے نقاب کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، ایم کیو ایم شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔13، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی اراکین نے کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ کراچی دشمن قوتیں ایم کیو ایم کی مقبولیت سے بوکھلاہٹ کا شکار ہوکر ایک بار پھر شہر کا امن خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں اور شیعہ وسنی عوام کو قتل وغارت گیری کا نشانہ بنارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم نے شروع دن سے شہر میں فرقہ وارایت کے خاتمے، بھائی چارگی کے فروغ اور قیام امن اتحاد بین المسلمین کا درس دیا اور یہی وجہ ہے کہ الطاف حسین کی شب وروز کی کوششوں سے شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کا نہ صرف خاتمہ ممکن ہوا بلکہ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام ایک دوسرے کے قریب بھی آگئے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی وہی قوتیں صف آراء ہیں اور ایم کیو ایم کے فلسفہ اتحاد بین المسلمین کو پارہ پارہ کرنا چاہتی ہیں اور کراچی میں فسادات کی ایک بار پھر سازش تیار کی جارہی ہے تاکہ تمام فرقے شیعہ، سنی، دیوبند، بریلوی آپس میں دست وگریباں ہوجائیں۔ شعبہ خواتین نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی سازش کا ہرگز شکار نہ ہوں اور اپنے اتحاد سے تمام سازشوں کو ناکام بنادیں۔ انہوں نے فرقہ وارانہ فسادات میں شہید کیے جانے والے ایک افراد کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور دعا کی اللہ تعالیٰ مقتولین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے۔ شعبہ خواتین نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور اس سازش میں ملوث عناصر کو عوام کے سامنے بے نقاب کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## ایم کیو ایم سانگھڑ زون کے کارکن ظہیر بیگ اور لیاری سیکٹر کے کارکن افتخار احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔13، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون شہداد پور سیکٹر کے کارکن ظہیر بیگ اور ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 31 کے کارکن افتخار احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیو ایم سانگھڑ زون شہداد پور سیکٹر کے کارکن ظہیر بیگ اور ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 31 کے کارکن افتخار احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحومین کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13 جون,2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے کارکن آصف کی والدہ محترمہ سعیدہ بیگم، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن تنویر کے چھوٹے بھائی محمد نسیم، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن جاوید رستم کی والدہ محترمہ رشیداً رستم، ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ گجو کے جوائنٹ زونل انچارج محمد عیسیٰ جوکھیو کی والدہ محترمہ سونا بائی اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن گلبرک ٹاؤن یونٹ کے کارکن مرتضی یارخان کی والدہ محترمہ رابیعہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## کرغزستان میں نسلی فسادات میں پاکستانی طالبعلم علی رضا کی ہلاکت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس
## علی رضا کی میت وطن واپس لانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں

لندن۔۔۔13، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کرغزستان میں جاری نسلی فسادات میں پاکستانی طالبعلم علی رضا کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کرغزستان میں فسادات کے دوران جاں بحق ہونے والے پاکستانی کی میت مقامی اسپتال میں رکھی گئی ہے اور میت کو وطن واپس لانے کے سلسلے میں حکومت پاکستان کی جانب سے کوئی اقدامات نہیں کئے جارہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ کرغزستان میں جاں بحق ہونیوالے پاکستانی علی رضا کی میت وطن واپس لانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں اور کرغزستان میں پھنسے ہوئے پاکستانیوں کی بحاظت وطن واپسی کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کیے جائیں۔ جناب الطاف حسین علی رضا کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

☆☆☆☆☆